# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 14 January-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۴؍جنوری ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ ملک کا ہر علاقہ، ہر خاندان ترقی سے ہمکنار ہونے پر ہی ترقی یافتہ بھارت کا خواب شرمندۂ تعبیر ہوگا: وزیرِ اعظم کا اظہارِ خیال۔

☆ سویابین خریدی کیلئے مستقل نظام قائم کرنے کی وزیرِ اعلیٰ کی اطلاع۔

☆ پریاگ راج میں کمبھ میلے کا آغاز؛ پہلے دن تقریباً ڈیڑھ کروڑ سے زائد عقیدت مندوں کا کمبھ اِسنان۔

☆ مکر سنکرانتی کے موقع پر ہر طرف جوش وخروش؛ بازاروں میں خریداروں کی بھیڑ۔

اور۔۔۔☆ ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے 31ویں نام توسیع دِن کے موقع پر آج مختلف تقاریب کا انعقاد۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملک کا ہر علاقہ، ہر خاندان ترقی سے ہمکنار ہوگا اسی وقت ترقی یافتہ بھارت کا خواب شرمندۂ تعبیر ہوگا۔ جموں و کشمیر کے شری نگر-سونمرگ کی سرنگ کا افتتاح وزیرِ اعظم کے ہاتھوں عمل میں آیا۔ اس وقت وہ مخاطب تھے۔ انھوں نے کہا کہ اس سرنگ کی وجہ سے شری نگر اور سونمرگ کے درمیان بارہ مہینوں کا رابطہ قائم رہنے کے ساتھ ساتھ سیاحت، روزگار، طبّی سہولیات میں بھی تیزی آئے گی۔

دریں اثناء وزیرِ اعظم، کل مہاراشٹر کے دورے پر آ رہے ہیں۔ ممبئی کے بحریہ میں INS سورت، INS نیلگری اور INS واگ شیران تین لڑاکا جہازوں کا شمار ان کی موجودگی میں عمل میں آئے گا۔ نوی ممبئی کے کھارگھر کے شری شری رادھا مدن موہن جی اسکان مندر کا افتتاح بھی وزیرِ اعظم کے ہاتھوں ہوگا۔

***** ***** *****

ہر مہینے کے آخری اتوار کو نشر ہونے والے ''من کی بات'' پروگرام اس مہینے کے آئندہ اتوار 19 تاریخ کو نشر کیا جائیگا۔ یہ پروگرام اس سیریز کی 118ویں قسط ہوگا۔ اس مہینے کے آخری اتوار کو یومِ جمہوریہ کی وجہ سے یہ تبدیلی کی گئی ہے۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے اطلاع دی ہے کہ مارکیٹنگ محکمے کے ذریعے سویابین کی خریداری کیلئے ایک مستقل نظام قائم کیا جانا چاہیے۔ وہ گذشتہ روز محکمے کی طرف سے 100 دنوں میں کیے جانے والے کاموں کا جائزہ لینے کے موقع پر خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر پھڑنویس نے یہ بھی مشورہ دیا کہ ریاست میں مختلف مقامات پر قائم کیے جانے والے زرعی ذخیرہ مراکز کی تجویز پیش کی جائے اور پیاز ذخیرہ کرنے کیلئے پیاز چالوں کی تعداد میں اضافہ کیا جائے۔

مارکیٹنگ محکمے کے ایڈیشنل چیف سیکریٹری راج گوپال دیورا نے کہا کہ چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کے جابھور گاؤں میں زرعی مرکز کی تعمیر مکمل ہو چکی ہے اور آئندہ 45 دنوں میں اس کا افتتاح کر دیا جائے گا۔

وزیرِ اعلیٰ نے کل اسکولی تعلیم٬ سیاحت٬ مواصلات٬ مہاجیوتی وغیرہ کے محکموں کے 100 روزہ منصوبوں کا بھی جائزہ لیا۔ آئندہ سال سے ریاستی نصاب کا نفاذ٬ PM شری اسکول اسکیم کے خطوط پر ہر کلسٹر سے ایک اسکول کو CM شری اسکول کے طور پر ترقی دینا٬ اساتذہ کی بھرتی کے عمل کو تیزی سے نافذ کرنا٬ سیاحوں کی حفاظت کیلئے سیاحتی پولس کے تقررات٬ اجنتا- ایلورہ سیاحتی ترقی کے کاموں میں تیزی لانا٬ سیاحوں کی حفاظت کیلئے ٹورزم پولس کی تعیناتی٬ ریاست کے پانچ مقامات پر شیوسرشٹی تھیم پارک کی تعمیر وغیرہ کے معاملے میں وزیرِ اعلیٰ نے اطلاع فراہم کی۔ انھوں نے حکومت کے ضروری شکتی پیٹھ شاہراہ کے کاموں کی منصوبہ بندی کو سب کو اعتماد میں لیکر فوری شروع کرنے کے احکامات بھی دیئے۔

***** ***** *****

قبائیلی ترقی کے وزیر اشوک اُوئیکے نے کہا ہے کہ ریاست میں درجِ فہرست قبائل کمیشن قائم کیا جائے گا۔ وہ کل ناسک میں صحافیوں سے خطاب کررہے تھے۔ ہر آشرم اسکول٬ ہاسٹل یہ محکمے کے سیکریٹری سے پروجیکٹ آفیسر تک ہر آفیسر کو سرپرستی میں لیکر متعلقین مہینے میں کم از کم ایک مرتبہ مجوزہ مقام پر ملاقات کر کے حالات کا جائزہ لینے کے احکامات اُوئیکے نے دیئے۔

***** ***** *****

کمبھ میلے کا کل سے آغاز ہوگیا۔ اُتر پردیش کے پریاگ راج میں کل پوش پورنیما سے شروع ہونے والا کمبھ میلہ اگلے 45 دنوں یعنی مہا شیوراتری تک جاری رہے گا۔ گنگا٬ جمنا اور پوشیدہ سرسوتی ان ندیوں کے سنگم میں پہلے شاہی اِسنان کا انعقاد ہوا۔ کل شام تک تقریباً ڈیڑھ کروڑ سے زائد عقیدت مندوں نے سنگم پر اِسنان کرنے کی اطلاع ملی ہے۔ آج مکر سنکرانتی کے موقع پر مختلف اکھاڑوں کا امرت اِسنان شروع ہوا۔ کمبھ میلے کیلئے بھارتی ریلوے نے پانچ ہزار کروڑ روپئوں کی سرمایہ کاری کی ہے۔ ان میں بنیادی سہولیات اور موجود سہولیات کو جدید کرنا شامل ہیں۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

مکر سنکرانتی کا تہوار آج منایا جارہا ہے۔ سورج کے مکر میں داخل ہونے کا تہوار ہے۔ اس تہوار پر ایک دوسرے کو تِل گڑ تقسیم کرنے کا رواج ہے اور خواتین میں مٹی کے برتنوں سے مختلف چیزیں پیش کرنے کے ساتھ ساتھ خوشی منانے کا رواج ہے۔

اس ضمن میں بازار مختلف پوجا کی اشیاء سمیت گنا٬ بیر٬ چنا اور دیگر اشیاء سے بھرے ہوئے ہیں۔

مکر سنکرانتی کے موقع پر پتنگ اُڑانے کا رواج ہے۔ اس موقع پر مختلف پتنگوں کی دکانیں سج گئی ہیں۔ نائیلون مانجھے کو بیچنے والوں کے خلاف پولس سخت کارروائی کررہی ہے اور یہ مانجھا استعمال نہ کرنے کی اپیل پولس کی جانب سے کی جارہی ہے۔ نائیلون مانجھے کی وجہ سے پرندے٬ عام لوگ سب سے زیادہ زخمی ہوتے ہیں۔ اس لیے نائیلون مانجھے کی خرید و فروخت ہونے پر اسی طرح نائیلون مانجھے کی مدد سے کوئی پتنگ اُڑا رہا ہے اس کے خلاف قانونی کارروائی ہوگی۔ نائیلون مانجھے کا ذخیرہ٬ فروخت اور استعمال کرنے اور پکڑے جانے پر جرمانہ کی کارروائی سمیت ضرورت پڑنے پر مقدمہ داخل کرنے کا انتباہ چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن نے دیا ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر کے ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کا 31 واں توسیع نام دن آج منایا جارہا ہے۔ اس موقع پر ہر طرف مختلف پروگراموں کا انعقاد کیا گیا ہے۔ ناسک کے ڈاکٹر بی آر امبیڈکر ایس سی٬ ایس ٹی تنظیم کی صدر پروفیسر ڈاکٹر اندرا آٹھولے کا آج صبح ساڑھے دس بجے یونیورسٹی ہال میں لیکچر ہوگا۔

***** ***** *****

پہلے کھوکھو عالمی کپ مقابلوں کا کل سے نئی دہلی میں آغاز ہوا۔ 19 جنوری تک چلنے والے ان مقابلوں میں 23 ملکوں کی 39 ٹیمیں شرکت کریں گی۔کل شروعاتی مقابلے میں بھارت نے نیپال کو 38-42 سے شکست دی۔خواتین کی ٹیم کا مقابلہ آج کوریائی ٹیم سے ہوگا۔

***** ***** *****

اہلیانگر میں 29 جنوری تا 2 فروری کے دوران ہونے والے مہاراشٹر کیسری مقابلوں کی تیاری شروع ہو چکی ہیں۔شہری ہوابازی اور تعاون کے مرکزی وزیرِ مملکت مرلی دھر موہوڑ کے ہاتھوں کل اس مقابلوں کے میدان کی مٹی کی پوجا کی گئی۔

***** ***** *****

بیڑ ضلعے کے مسّا جوگ کے سرپنچ سنتوش دیشمکھ کے قتل معاملے سے جڑے تاوان وصولی کے الزام میں گرفتار والمک کراڑ کے خلاف مکوکا قانون کے تحت کارروائی کیے جانے کے مطالبہ کو لیکر مقتول سنتوش دیشمکھ کے بھائی دھننجے دیشمکھ نے کل مسّا جوگ میں پانی کی ٹنکی پر چڑھ کر احتجاج کیا۔اس آندولن میں دیشمکھ کے افرادِ خانہ سمیت گاؤں کے ساکنان نے بھی حصہ لیا۔اسی دوران، پولس سپرنٹنڈنٹ نونیت کانوت نے مظاہرہ کرنے والے دیشمکھ سے بات چیت کی، جس کے بعد مظاہرین نے احتجاج ملتوی کردیا۔

***** ***** *****

دریں اثناء، سنتوش دیشمکھ قتل معاملے کی تفتیش کرنے والے خصوصی دستے میں تبدیلی کی گئی ہے۔اس سے قبل تشکیل شدہ دستے کو برخاست کرنے کے بعد، اب تفتیشی دستے میں بیڑ کے ڈپٹی پولس سپرنٹنڈنٹ انیل گجر کے علاوہ چھترپتی سمبھاجی نگر کے ایڈیشنل پولس سپرنٹنڈنٹ کرن پاٹل سمیت پونے کے افسران شامل کو شامل کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

بیڑ کے رُکنِ پارلیمان بجرنگ سونونے' نے کہا ہے کہ سنتوش دیشمکھ قتل معاملے میں ملوث تمام مجرموں کے خلاف کارروائی کیے جانے تک وہ چین سے نہیں بیٹھیں گے۔بجرنگ سونونے' نے کل کیج میں ایک صحافتی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے یہ انتباہ دینے کی اطلاع ہمارے نمائندے نے دی ہے۔

***** ***** *****

بیڑ ضلعے میں آج سے 28 جنوری تک امتناعی احکامات نافذ کیے گئے ہیں۔ضلعے میں جاری مختلف احتجاجی مظاہروں' مجوزہ ایجی ٹیشنز اور ان سے پیدا ہونے والے ممکنہ حالات کے پیشِ نظر یہ امتناعی احکامات نافذ کیے گئے ہیں۔

لاتور ضلعے میں بھی ایڈیشنل ضلع مجسٹریٹ کیشو نیٹکے نے حکمِ امتناع نافذ کرنے کے احکامات جاری کیے ہیں۔

***** ***** *****

دھاراشیو میں پولس محکمے میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے پولس افسران اور ملازمین کو اعزاز سے نوازا گیا۔ پولس سپرنٹنڈنٹ سنجے جادھو کے ہاتھوں پولس افسران اور ملازمین کو توصیف نامے اور میڈل تفویض کیے گئے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر کے ویویکانند کالج میں 16 سے 18 جنوری کے درمیان ویویکانند لیکچر سیریز کا انعقاد کیا گیا ہے۔اس لیکچر سیریز کا یہ ساتواں سال ہے اور کالج کے احاطے میں روزانہ شام چھ بجے اس لیکچر میں سب کیلئے داخلہ کھلا رہے گا۔

***** ***** *****

::::: سرخیاں :::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ **ملک کا** ہر علاقہ، ہر خاندان ترقی سے ہمکنار ہونے پر ہی ترقی یافتہ بھارت کا خواب شرمندۂ تعبیر ہوگا: وزیرِ اعظم کا اظہارِ خیال۔

☆ سویابین خریدی کیلئے مستقل نظام قائم کرنے کی وزیرِ اعلیٰ کی اطلاع۔

☆ پریاگ راج میں کمبھ میلے کا آغاز؛ پہلے دن تقریباً ڈیڑھ کروڑ سے زائد عقیدت مندوں کا کمبھ اِسنان۔

☆ مکرسنکرانتی کے موقع پر ہر طرف جوش وخروش؛ بازاروں میں خریداروں کی بھیڑ۔

اور۔۔۔☆ ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے 31 ویں نام توسیع دِن کے موقع پر آج مختلف تقاریب کا انعقاد۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****